مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف

مورخہ ۱۴ رمئی ۲۰۱۵ء بروز جمعرات کو دارالعلوم حقانیہ میں ۶۸ ویں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اس مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شدید گرمی کے باوجود شرکت کی۔ اس موقع پر ڈیڑھ ہزار فضلاء متخصصین اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی۔ سہ پہر چار بجے باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور خطاب فرمایا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کے اہم علماء کرام اور مشائخ عظام، قدیم حقانی فضلاؤں نے بھی شرکت فرمائی۔ الحمدللہ یہ مبارک تقریب دارالعلوم کی نئی جامع مسجد کی نوتعمیر شدہ چھت اور اس کے زیر تعمیر تہ خانے کے فرش پر منعقد ہوئی۔ پھر اسی چھت پر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے پہلی نماز (نماز عصر) کی امامت فرمائی۔

دارالعلوم کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

مورخہ ۹ رمئی ۲۰۱۵ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔ بحمدللہ امتحانات بخیر وخوبی اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے بعد ۱۶ رمئی ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ وفاق المدارس کے زیر انتظام امتحانات ہوئے اور ۶ دن جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوئے اور دارالعلوم میں سالانہ ڈھائی ماہ کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا۔

نائب وزیر حج شیخ عبدالعزیز العمار کی دارالعلوم حقانیہ آمد

سعودی عرب کے نائب وزیر حج فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز العمار اور رابطہ عالم اسلامی کے سربراہ شیخ محمد بن سعد الدوسری دارالعلوم حقانیہ حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کیلئے ۲۰ اپریل ۲۰۱۵ء کو تشریف لائے، مہمانوں کی آمد پر دارالحدیث حال میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں مہمانوں کیلئے استقبالیہ پیش کیا گیا۔